ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

پریس ریلیز

کراچی 19 دسمبر 2018ء:۔

قائم مقام آئی جی سندھ ڈاکٹر آفتاب پٹھان کی زیر صدارت امن وامان کی صورتحال اور اس ضمن میں پولیس حکمت عملی اور لائحہ عمل پر جائزہ اجلاس ہوا۔ جس میں قائداعظم کے یوم پیدائش/کرسمس سمیت یوم شہادت شہید بینظیر بھٹو کے موقع پر سندھ بھر میں سیکیورٹی اقدامات کو مزید غیر معمولی بنانیکے حوالے سے ضروری ہدایات دی گئیں۔

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی ڈاکٹر امیر شیخ اور پولیس کی دیگر رینج کے ڈی آئی جیز اور تمام ضلعی ایس ایس پیز نے ذریعہ ویڈیو لنک/کانفرنس شرکت کی۔ جبکہ ڈی آئی جیز ٹی اینڈ ٹی، فائنانس، آئی ٹی کے علاوہ اے آئی جیز آپریشنز، فائنانس، ایڈمن، ویلفیئر، اسٹیبلشمنٹ، لیگل اور ڈائریکٹر آئی ٹی بذاتِ خود بھی اجلاس میں شریک تھے۔

اجلاس کو ہدایات دی گئیں کہ یوم قائداعظم اور کرسمس کے مواقعوں پر مزار قائد کے اطراف کے علاقوں کے ساتھ ساتھ تمام چرچز/گرجا گھروں، مندروں، اقلیتی برادری کے رہائشی مقامات اور کرسچن کمیونٹیز کے تعلیمی اداروں وغیرہ پر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ تھانہ جات کی سطح پر مستقل روابط میں رہتے ہوئے تمام تر حفاظتی اقدامات کو مؤثر اور مربوط بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ 27 دسمبر کے موقع پر سندھ بھر میں نا صرف سیکیورٹی بلکہ ٹریفک کے مجموعی امور کو بھی ہر سطح پر فول پروف بنایا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس خصوصی دن کی مناسبت سے عقیدت مندوں سمیت معروف سیاسی وسماجی شخصیات کی نا صرف سندھ بلکہ ملک کے دیگر صوبوں سے بھی کثیر تعداد میں شرکت کو پیش نظر رکھ کر گڑھی خدا بخش اور اسکے اطراف اور اس سے ملنے والی تمام شاہراہوں، ذیلی سڑکوں، پیدل راستوں پر پیٹرولنگ، پکٹنگ، اسٹیپ چیکنگ، ریکی، نگرانی اور ناکہ بندی کے تحت تمام تر سیکیورٹی اقدامات کو غیر معمولی بنایا جائے۔

ان کا کہنا تھا کہ جرائم کیخلاف جاری پولیس ایکشن میں مزید تیزی لائی جائے اور منشیات/گٹکا مافیا کے خلاف مؤثر اور مربوط کاروائیوں کے ضمن میں کسٹم اور نارکوٹکس ڈپارٹمنٹ سے روابط کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ایس ایچ اوز، اسٹریٹ کرائمز بشمول ڈکیتی، رہزنی اور لوٹ مار کی روک تھام کے لیئے اپنی انفرادی اور مجموعی کارکردگی کو باہم رابطوں میں رہتے ہوئے کامیاب اور مؤثر بنائیں۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔